SAMSUNG

SM-J110H/DS

صارف گائیڈ

www.samsung.com

Urdu. 08/2015. Rev.1.0

مشمولات

سب سے پہلے مجھے پڑھیں

شروع کرنا

6 پیکیج کا مواد
7 آلے کا لے آؤٹ
9 سم یا یوسم کارڈ اور بیٹری استعمال کرنا
16 ایک میموری کارڈ کا استعمال کرنا
18 آلے کو آن اور آف کرنا
18 سکرین کو لاک یا ان لاک کرنا

بنیادی باتیں

19 ٹچ اسکرین استعمال کرنا
22 ہوم اسکرین لے آؤٹ
26 اطلاعات کا پینل
28 ایپلیکیشنز کھولنا
28 ایپلیکیشنز تنصیب یا غیرتنصیب کرنا
30 متن داخل کریں
32 اسکرین کی تصویر کھینچیں
32 میری فائلیں
33 الٹرا پاور بچت موڈ

نٹورک کنیکٹویٹی

34 موبائل ڈیٹا
34 Wi-Fi
35 ٹیتھرنگ اور موبائل ہاٹ اسپاٹ

ذاتی بنانا

37 ہوم یا ایپلیکیشنز کی اسکرین مینیج کرنا
39 وال پیپر اور رنگ ٹونز سیٹنگ کرنا
40 اسکرین لاک طریقہ تبدیل کرنا
41 اکاؤنٹس سیٹنگ اپ کرنا

فون

42 کالیں کرنا
44 کالیں موصول کرنا
44 کالز کے دوران اختیارات

روابط

46 روابط شامل کرنا
46 روابط درآمد اور برآمد کرنا
47 روابط تلاش کرنا

پیغامات اور ای میل

48 پیغامات
50 ای میل

کیمرہ

52 بنیادی شوٹنگ
53 شوٹنگ موڈز
55 کیمرہ سیٹنگ

گیلری

57 آلے پر مشمول دیکھنا

مفید ایپلیکیشنز اور خصوصیات

58 S پلانر
59 انٹرنیٹ
60 ویڈیو
61 گھڑی
63 کیلکولیٹر
63 میمو
64 وائس ریکارڈر
65 ریڈیو
66 Google ایپس

دیگر آلات کے ساتھ جوڑنا

68 بلیوٹوتھ
70 Wi-Fi Direct
72 موبائل پرنٹنگ

آلہ اور ڈیٹا مینیجر

73 اپنے سابقہ آلے سے ڈیٹا منتقل کرنا
74 ڈیٹا منتقل کرنے کے لئے آلہ کو بطور ریموویبل ڈسک کے طور پر استعمال کرنا
75 آلہ کی تازہ کاری کرنا
76 ڈیٹا بیک اپ اور بحال کرنا
76 ڈیٹا ری سیٹ انجام دینا

سیٹنگز

77 سیٹنگ کے بارے میں
77 کنکشنز
81 آلہ
83 ذاتی
85 سسٹم

ازالہ نقص کاری

سب سے پہلے مجھے پڑھیں

محفوظ اور درست استعمال کو یقینی بنانے کے لئے آلہ استعمال کرنے سے قبل اس مینیول کو پڑھیں۔

- تفصیلات آلے کی ڈیفالٹ سیٹنگ پر مبنی ہیں۔
- خطہ، خدمت فراہم کنندہ، ماڈل کی وضاحتوں یا آلہ کے سافٹ وئیر کے لحاظ سے آپ کے آلے کے کچھ مشمول میں فرق ہو سکتا ہے۔
- ایسے مشمول (اعلی کوالٹی کے مشمول) جسے اعلی CPU اور RAM استعمال درکار ہوتا ہے وہ آلے کے مجموعی کارکردگی کو متاثر کریگا۔ مشمول سے جڑے ایپلیکیشنز آلے کی خصوصیات اور وہ ماحول جس میں اسے استعمال کیا جاتا ہے اس کے لحاظ سے مناسب طریقے سے کام نہیں کرسکتے ہیں۔
- سام سنگ کے علاوہ کسی فراہم کنندہ کی طرف سے سپلائی کردہ ایپلیکیشنز کی وجہ سے پیدا ہونے والے کارکردگی کے مسائل کے لیے سام سنگ ذمہ دار نہیں ہے۔
- کاردکردگی کے مسائل یا تدوین کردہ رجسٹری سیٹنگز یا تبدیل کردہ آپریٹنگ سسٹم سافٹ ویئر کی وجہ سے ہونے والی عدم مطابقوں کے لیے سام سنگ ذمہ دار نہیں ہے۔ آپریٹنگ سسٹم کو اپنی پسند کے مطابق کرنے کی کوشش کرنے کی وجہ سے ایسا ہوسکتا ہے کہ آلہ یا ایپلیکیشنز اچھی طرح کام نہ کریں۔
- اس آلے کے ساتھ فراہم کردہ سافٹ ویئر، ساؤنڈ ریسورسز، امیجز، اور دیگر میڈیا محدود استعمال کے لیے لائسنس شدہ ہیں۔ ان مواد کو تجارتی یا دوسرے مقاصد کے لئے نکالنا اور استعمال کرنا کاپی رائٹ قوانین کی خلاف ورزی ہے۔ میڈیا کے غیرقانونی استعمال کے لیے صارفین پوری طرح سے ذمہ دار ہیں۔
- آپ کے ڈیٹا پلان پر منحصر آپ کو پیغام رسائی، اپ لوڈ کرنے و ڈاؤن لوڈ کرنے، خود کار ہم زمانی، یا جائے وقوع کی خدمات جیسے ڈیٹا خدمات کے لیے اضافی چارجز برداشت کرنا پڑسکتے ہیں۔ بڑے ڈیٹا کی منتقلی کیلئے Wi-Fi خاصیت کا استعمال کرنے کی تجویز کی جاتی ہے۔
- آلے کے ساتھ آنے والے ڈیفالٹ ایپلیکیشز پیشگی نوٹس کے بغیر تازہ ہوسکتے ہیں اور اب مزید ان کی معاونت نہیں ہوسکتی ہے۔ اگر آپ کے پاس آلے کے ساتھ فراہم کردہ ایپلیکیشنز کے بارے میں کوئی سوال ہے تو، سام سنگ سروس سنٹر سے رابطہ کریں۔ صارف کے ذریعہ نصب شدہ ایپلیکیشنز کے لیے، خدمت فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔
- آلے کے آپریٹنگ سسٹم میں ترمیم کرنے یا غیررسمی ماخذوں سے سافٹ ویئر نصب کرنے سے آلےمیں خامی پیدا ہوسکتی ہے اور ڈیٹا کرپٹ یا ضائع ہوسکتا ہے۔ یہ عوامل سام سنگ لائسنس معاہدے کی خلاف ورزیاں ہیں اور آپ کی ضمانت ختم ہوجائیگی۔

ہدایتی شبیہات

انتباہ: ایسے حالات جس سے آپ یا دیگر زخمی ہوسکتے ہیں

خبردار: ایسی صورت حال جس سے آپ کے آلے یا دیگر آلات کو نقصان پہنچ سکتا ہے

نوٹس: نوٹس، استعمال کے ٹوٹکے، یا اضافی معلومات

شروع کرنا

پیکیج کا مواد

درج ذیل اشیاء کے لیے مصنوعہ باکس کو چیک کریں:

- آلہ
- بیٹری
- فوری شروع کرنے کا گائیڈ

- آپ کے خطے یا خدمت فراہم کنندہ کے لحاظ سے آلہ کے ساتھ فراہم کردہ اشیاء اور کسی بھی دستیاب لوازمات میں فرق ہوسکتا ہے۔
- فراہم کردہ اشیاء کو صرف اسی آلے کے لیے تیار کیا گیا ہے اور دیگر آلات کے ساتھ مطابقت نہیں رکھ سکتی ہے۔
- شکل اور تفصیلات پیشگی نوٹس کے بغیر تبدیل ہوسکتے ہیں۔
- آپ اپنے مقامی سام سنگ ڈیلر سے اضافی لوازمات خرید سکتے ہیں۔ خریدنے سے پہلے یہ یقینی بنائیں کہ وہ آلے کے ساتھ مطابقت رکھتے ہیں۔
- صرف سام سنگ کے منظور شدہ لوازمات استعمال کریں۔ غیر منظور شدہ لوازمات استعمال کرنے پر کارکردگی کے مسائل اور خرابیاں پیش آ سکتی ہیں جن کا وارنٹی میں احاطہ نہیں کیا جاتا ہے۔
- تمام لوازمات کی دستیابی پوری طرح سے بنانےوالی کمپنیوں کے لحاظ سے تبدیل ہوسکتی ہے۔ لوازمات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، سام سنگ کی ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔

آلے کا لے آؤٹ


ہیڈسیٹ جیک
ایئرپیس
ٹچ اسکرین
ہوم کلید
حالیہ کلید
کثیر المقصد جیک
قربت کا سنسر
سامنے کا کیمرہ
پاور کلید
واپسی کی کلید
مائیکروفون

GPS انٹینا
اسپیکر
پشت کا کور
اصل انٹینا
پیچھے کا کیمرہ
فلیش
والیوم کلید

- اپنے ہاتھوں یا دیگر چیزوں سے انٹینا کے حصے کو نہ ڈھانپیں۔ اس سے کنیکٹویٹی کا مسئلہ پیدا ہوسکتا ہے یا بیٹری خالی ہوسکتی ہے۔
- سام سنگ کی طرف سے منظور شدہ اسکرین محافظ کا استعمال کرنے کی تجویز کی جاتی ہے۔ غیر منظور شدہ اسکرین محافظ سینسر کی خرابی کا سبب بن سکتے ہیں۔
- ٹچ اسکرین سے پانی چھونے نہ دیں۔ نمی میں یا پانی پڑنے کی وجہ سے ممکن ہے کہ ٹچ اسکرین درست طور پر کام نہ کرے۔

کلیدیں

کلید	فنکشن
پاور	• آلے کو آن یا آف کرنے کے لیے دبائیں اور تھامیں۔ • کھولنے یا سکرین لاک کرنے کے لئے دبائیں۔
حالیہ	• حالیہ ایپلیکیشنز کی فہرست کھولنے کے لیے تھپتھپائیں۔ • حالیہ اسکرین کے لیے اضافی اختیارات کی رسائی کرنے کے لیے تھپتھپائیں اور تھامیں۔
ہوم بٹن	• جب اسکرین لاک ہو تو اسکرین کھولنے کے لئے دبائیں۔ • ہوم اسکرین پر واپس آنے کے لیے دبائیں۔ • **Google** شروع کرنے کے لیے دبائیں اور تھامیں۔
واپس	• سابقہ اسکرین پر واپس جانے کے لیے تھپتھپائیں۔
والیوم	• آلے کا والیوم ایڈجسٹ کرنے کے لیے دبائیں۔

سم یا یوسم کارڈ اور بیٹری استعمال کرنا

سم یا یوسم کارڈ اور بیٹری نصب کرنا

موبائل ٹیلیفون خدمت فراہم کنندہ کے ذریعہ فراہم کردہ سم یا یوسم، اور بشمول بیٹری داخل کریں۔

- microSIM کارڈ صرف آلہ کے ساتھ کام کرتا ہے۔
- خدمت فراہم کنندہ کے لحاظ سے کچھ LTE خدمات دستیاب نہیں ہوسکتی ہیں۔ خدمت کی دستیابی کے بارے میں مزید تفصیلات کے لیے اپنے خدمت فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔

1 پشت کا کور ہٹائیں۔



پشت کا کور ہٹاتے وقت محتاط رہیں کہ آپ کی انگلیوں کے ناخن خراب نہ ہوں۔

پشت کے کور کو نہ زیادہ بل دیں نہ زیادہ موڑیں۔ ایسا کرنے سے کور کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

2 ◄ **دوہری سم والے ماڈل**: سم یا یوسم کارڈ اس طرح داخل کریں کہ سنہرے رنگ کے روابط کا رخ نیچے کی طرف ہو۔

سم کارڈ سلاٹ 1 میں پرائمری سم یا یوسم کارڈ داخل کریں (1) سم کارڈ سلاٹ 2 میں ثانوی سم یا یوسم کارڈ داخل کریں (2)۔



◄ **سنگل سم وضعات**: سم یا یوسم کارڈ اس طرح داخل کریں کہ سنہرے رنگ کے روابط کا رخ نیچے کی طرف ہو۔



- سم کارڈ سلاٹ میں میموری کارڈ نہ لگائیں۔ اگر میموری کارڈ سم کارڈ سلاٹ میں پھنس جاتا ہے تو، میموری کارڈ نکلوانے کے لیے آلے کو کسی سام سنگ سروس سنٹر میں لے جائیں۔
- خیال رکھیں کہ سم یا یوسم کارڈ گم نہ ہو یا دوسروں کو استعمال نہ کرنے دیں۔ کسی بھی گم شدہ یا چوری ہوئے کارڈ کی وجہ سے ہونے والے نقصانات یا پریشانیوں کے لیے سام سنگ ذمہ دار نہیں ہے۔

3 بیٹری داخل کریں۔



4 پشت کا کور دوبارہ لگائیں۔



سم یا یوسم کارڈ اور بیٹری نکالنا

1 پشت کا کور ہٹائیں۔

2 بیٹری باہر نکالیں۔



3 ◄ **ڈوئل سم وضعات**: سم یا یوسم کارڈ باہر نکالیں۔



◄ **سنگل سم وضعات**: سم یا یوسم کارڈ باہر نکالیں۔



سم یا یوسم کارڈ (ڈوئل سم وضعات) استعمال کرنا

اگر آپ دو سم یا یوسم کارڈز داخل کرتے ہیں تو آپ کے پاس ایک ہی آلہ کیلئے دو فون نمبرز یا دو خدمت مہیا کار ہو سکتے ہیں۔

سم یا یوسم کارڈ فعال کرنا

ہوم اسکرین پر، تھپتھپائیں ⋮⋮⋮ ← **سیٹنگز** ← **SIM کارڈ مینیجر**۔ دونوں سم کارڈز کو فعال کرنے کیلئے سم یا یوسم کارڈز کا ایک یا دونوں بٹنوں کو تھپتھپائیں۔

سم یا یوسم کارڈ کا ڈسپلے نام اور آئیکن تبدیل کرنا

ہوم اسکرین پر، تھپتھپائیں ⋮⋮⋮ ← **سیٹنگز** ← **SIM کارڈ مینیجر**۔ سم یا یوسم کارڈ منتخب کریں، اور تھپتھپائیں **نام رجسٹر کریں** یا **شبیہہ منتخب کریں**۔ ہر کارڈ کے لیے ڈسپلے کا نام اور شبیہ منتخب کریں۔

سم کارڈز کے مابین سوئچ کرنا

جب دو سم یا یوسم کارڈ فعال ہوں تو، اطلاعات کے پینل کے ڈیش بورڈ پر کارڈ کے انتخاب کا آئیکن ظاہر ہوتا ہے۔ اطلاعات کا پینل کھولیں اور پھر ایک سم کارڈ منتخب کریں۔

بیٹری چارج کرنا

اسے پہلی بار استعمال کرنے سے پہلے بیٹری کو چارج کرنے کے لیے چارجر استعمال کریں۔ USB کیبل سے جوڑ کر آلے کی بیٹری کو چارج کرنے کے لیے کمپیوٹر کا بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔

صرف سام سنگ کے منظور شدہ چارجرز، بیٹریاں، اور کیبلز استعمال کریں۔ غیر منظور شدہ چارجرز، یا کیبلز کی وجہ سے بیٹری میں دھماکہ ہوسکتا ہے یا آلے کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

- جب بیٹری پاور کم ہوتی ہے تو، بیٹری شبیہ خالی ظاہر ہوتی ہے۔
- اگر بیٹری کا چارج پوری طرح سے ختم ہوجاتا ہے تو، چارجر جوڑنے کے فوراً بعد آلے کو آن نہیں کیا جاسکتا ہے۔ آلہ کو آن کرنے سے پہلے ناکافی بیٹری کو کچھ منٹ تک چارج ہونے دیں۔
- اگر آپ ایک بار میں متعدد ایپلیکیشن، نٹورک ایپلیکیشن، یا ایپلیکیشنز استعمال کرتے ہیں جسے دوسرے آلے سے کنیکشن کی ضرورت ہوتی ہے تو، بیٹری فوری طور پر خالی ہوجائیگی۔ ڈیٹا ٹرانسفر کے دوران نٹورک سے منقطع ہونے یا پاور کھونے سے بچنے کے لیے، بیٹری مکمل طور سے چارج ہونے کے بعد ہی ان ایپلیکیشنز کو استعمال کریں۔

چارجر کے چھوٹے سرے کو آلے کے کثیرالمقصد جیک میں لگائیں، اور چارجر کے بڑے سرے کو الیکٹرک ساکٹ میں لگائیں۔



چارجر کو غیرمناسب طریقے سے جوڑنے سے آلے میں خطرناک خامیاں پیدا ہو سکتی ہیں۔ غلط استعمال کی وجہ سے ہونے والی کسی بھی خامیوں کا احاطہ ضمانت میں نہیں ہوتا ہے۔

- چارج ہونے کے دوران آلے کو استعمال کیا جاسکتا ہے لیکن اس کی وجہ سے مکمل طور سے بیٹری چارج ہونے میں زیادہ وقت لگ سکتا ہے۔
- اگر چارج ہونے کے دوران آلہ غیرمستحکم پاور سپلائی موصول کرتا ہے تو، ٹچ اسکرین کام نہیں کرسکتی ہے۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو، آلے سے چارجر نکال دیں۔
- چارجنگ کے دوران آلہ گرم ہوسکتا ہے۔ یہ عام بات ہے اور اس کی وجہ سے آپ کے آلے کی مدت حیات یا کارکردگی متاثر نہیں ہونی چاہیے۔ اگر بیٹری معمول سے زیادہ گرم ہوتی ہے تو، چارجر چارج کرنا روک سکتا ہے۔
- اگر آلہ درست طور پر چارج نہ ہورہا ہو تو آلے اور چارجر کو سام سنگ سروس سینٹر پر لے جائیں۔

پوری طرح چارج ہونے کے بعد، چارجر سے آلے کو الگ کردیں۔ سب سے پہلے چارجر کو آلے سے الگ کریں، اور پھر اسے الیکٹرک ساکٹ سے الگ کریں۔

چارجر نکالنے سے پہلے بیٹری نہ نکالیں۔ اس سے آلے کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

توانائی بچانے کے لیے، جب استعمال میں نہ ہو تو چارجر نکال دیں۔ چارجر میں پاور سوئچ نہیں ہے، لہٰذا بجلی ضائع ہونے سے بچانے کے لیے جب استعمال میں نہ ہو اس وقت چارجر کو الیکٹرک ساکٹ سے نکال دیں۔ چارجنگ کے دوران چارجر الیکٹرک ساکٹ سے قریب اور بآسانی قابل رسائی ہونا چاہیے۔

بیٹری کا خرچ کم کرنا

آپ کا آلہ ایسے اختیارات کو فراہم کرتا ہے جو بیٹری کی قوت بچانے میں مدد کرتے ہیں۔ ان اختیارات کو حسب ضرورت بناکر اور پس منظر میں فیچرز کو غیرفعال کرکے، آپ آلے کو چارجر کے مابین زیادہ دیر تک استعمال کرسکتے ہیں:

- جب آپ آلے کو استعمال نہ کررہے ہوں، اس وقت پاور کلید دباکر سلیپ موڈ میں تبدیل کریں۔
- ٹاسک مینیجر استعمال کرتے ہوئے غیرضروری ایپلیکیشنز بند کریں۔
- بلیوٹوتھ فیچر کو غیرفعال کریں۔
- Wi-Fi فیچر غیرفعال کریں۔
- ایپلیکیشن کے خود کار ہم زمان ہونے کو غیرفعال کریں۔
- بیک لائٹ کے وقت کو کم کریں۔
- اسکرین کی چمک کم کریں۔

ایک میموری کارڈ کا استعمال کرنا

ایک میموری کارڈ نصب کرنا

آلہ زیادہ سے زیادہ 128 جی بی گنجائش کا میموری کارڈ قبول کرتا ہے۔ میموری کارڈ بنانے والی کمپنی اور قسم کے لحاظ سے، کچھ میموری کارڈ آلے کے ساتھ مطابقت نہیں رکھ سکتے ہیں۔

- کچھ میموری کارڈ پوری طرح سے آلے کے ساتھ مطابقت نہیں رکھ سکتے ہیں۔ غیرمطابق میموری کارڈ استعمال کرنے سے آلے یا میموری کارڈ کو نقصان پہنچ سکتا ہے اور کارڈ پر ذخیرہ کردہ ڈیٹا خراب ہوسکتا ہے۔
- دائیں طرف اوپر میموری کارڈ داخل کرتے وقت محتاط رہیں۔

- آلہ میموری کارڈ کے لیے صرف FAT اور exFAT فائل سسٹم کی معاونت کرتا ہے۔ مختلف فائل سسٹم میں فارمیٹ کیا گیا میموری کارڈ داخل کرنے پر، آلہ میموری کارڈ کو دوبارہ فارمیٹ کرنے کے لیے پوچھتا ہے۔
- ڈیٹا مسلسل تحریر کرنے اور مٹانے سے میموری کارڈ کی مدت حیات کم ہو جاتی ہے۔
- آلے میں میموری کارڈ داخل کرتے وقت، میموری کارڈ کی فائل ڈائریکٹری **میری فائلیں** ← **کارڈ SD** فولڈر میں ظاہر ہوتی ہے۔

1 پشت کا کور ہٹائیں۔

2 میموری کارڈ کو اس طرح داخل کریں کہ سنہرے روابط کا رخ نیچے کی طرف ہو۔



3 پشت کا کور دوبارہ لگائیں۔

میموری کارڈ نکالنا

میموری کارڈ نکالنے سے قبل، سب سے پہلے اسے حفاظت سے نکالنے کے لئے اتارلیں۔ ہوم اسکرین پر، تھپتھپائیں ⁞⁞⁞ ← **سیٹنگز** ← **ذخیرہ** ← **SD کارڈ کو اتار دیں**۔

1 پشت کا کور ہٹائیں۔

2 میموری کارڈ باہر نکالیں۔

3 پشت کا کور دوبارہ لگائیں۔

جب آلہ معلومات ٹرانسفر کررہا ہو یا رسائی کررہا ہو اس دوران میموری کارڈ نہ نکالیں۔ ایسا کرنے سے ڈیٹا ضائع یا کرپٹ ہوسکتا ہے یا میموری کارڈ یا آلے میں خرابی پیدا ہوسکتی ہے۔ ڈیٹا ضائع ہونے کے بشمول، خراب میموری کارڈ کے غلط استعمال سے پیدا ہونے والے خساروں کے لیے سام سنگ ذمہ دار نہیں ہے۔

میموری کارڈ فارمیٹ کرنا

کمپیوٹر پر فارمیٹ شدہ میموری کارڈ آلے کے ساتھ مطابقت نہیں رکھ سکتا ہے۔ میموری کارڈ کو صرف آلے پر فارمیٹ کریں۔

ہوم اسکرین پر، تھپتھپائیں ⁞⁞⁞ ← **سیٹنگز** ← **ذخیرہ** ← **SD کارڈ وضع کریں** ← **SD کارڈ وضع کریں** ← **تمام مٹانا**۔

میموری کارڈ فارمیٹ کرنے سے پہلے، اپنے آلے پر ذخیرہ کردہ تمام اہم ڈیٹا کے بیک اپ نقول بنانا یاد رکھیں۔ صارف کے عملیات کی وجہ سے ہونے والے ڈیٹا کی نقصان پر بنانے والے کی ضمانت کا اطلاق نہیں ہوتا ہے۔

آلے کو آن اور آف کرنا

آلے کو آن کرنے کے لیے پاور کلید کو کچھ سیکنڈ تک دبائیں اور تھامیں۔

جب آپ آلے کو پہلی بار یا ایک ڈیٹا ری سیٹ کرنے کے بعد کھولتے ہیں تو، اپنے آلے کو سیٹ اپ کرنے کے لیے اسکرین پر موجود ہدایات پر عمل کریں۔

اپنے آلے کو آف کرنے کے لیے، پاور کلید دبائیں اور تھامیں، اور پھر **پاور آف** تھپتھپائیں۔

ان علاقہ جات میں جہاں وائرلیس آلات کا استعمال محدود ہو، جیسے کہ ہوائی جہاز اور ہسپتال مجاز عملے کی لگائی گئی تمام تنبیہات اور ہدایات پر عمل کریں۔

سکرین کو لاک یا ان لاک کرنا

پاور کلید دبانا سکرین کو بند کر دیتا ہے اور اس کو مقفل کرتا ہے۔ اگر آلہ ایک مخصوص مدت کے لئے استعمال نہیں کیا جاتا ہے تو سکرین بند ہو جاتی ہے اور خود کار طریقے سے لاک ہو جاتا ہے۔

سکرین ان لاک کرنے کے لیے، پاور کلید یا ہوم کلید دبائیں اور اپنی انگلی کو اسکرین کے ان لاک حصے کے اندر کسی بھی سمت میں اچھالیں۔



آپ سکرین ان لاک کرنے کے لیے ان لاک کوڈ تبدیل کرسکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے اسکرین لاک طریقہ تبدیل کرنا سے رجوع کریں۔

بنیادی باتیں

ٹچ اسکرین استعمال کرنا

- ٹچ اسکرین کو دیگر برقی آلات کے رابطے میں نہ آنے دیں۔ الیکٹروسٹیٹک ڈسچارج کی وجہ سے ممکن ہے کہ ٹچ اسکرین درست طور پر کام نہ کرے۔
- ٹچ اسکرین خراب ہونے سے بچانے کے لیے، اسے کسی بھی نوکیلی چیز سے نہ تھپتھپائیں یا نہ اس پر اپنی انگلیوں کے پوروں سے زیادہ دبائیں۔
- اسکرین کے سرے کے قریب لمسی مداخلوں کی آلہ شناخت نہیں کرسکتا ہے، جولمسی مداخلے کے حصے کے باہر ہیں۔
- ٹچ اسکرین کو زیادہ دیر تک بیکار چھوڑنے سے پس دید امیج (اسکرین کا چمکنا) یا دھندلا ہو ہوسکتا ہے۔ جب آلے کو استعمال نہ کریں تو ٹچ اسکرین آف کردیں۔
- جب آپ ٹچ اسکرین استعمال کرتے ہیں اس وقت انگلیاں استعمال کرنے کی سفارش کی جاتی ہے۔

تھپتھپانا

اپلیکیشن کھولنے کے لیے، مینیو آئیٹم منتخب کرنے کے لیے، آن-اسکرین بٹن دبانے کے لیے، یا اسکرین پر موجود کی بورڈ استعمال کرکے کیریکٹر داخل کرنے کے لیے اسے انگلی سے تھپتھپائیں۔



تھپتھپانا اور تھامنا

دستیاب اختیارات کی رسائی کرنے کے لیے کسی آئیٹم یا سکرین کو 2 سیکینڈ تھپتھپائیں اور تھامیں۔

گھسیٹنا

ایک آئٹم کو منتقل کرنے کے لئے، اسے تھپتھپائیں اور تھامیں اور اسے ہدف کی پوزیشن پر گھسیٹ کر لے جائیں۔



دوبارہ-تھپتھپانا

زوم ان کرنے کے لیے ایک ویب صفحہ یا تصویر پر ڈبل-تھپتھپائیں۔ واپس کرنے کے لئے ڈبل-تھپتھپائیں۔



اچھالنا

دوسرا پینل دیکھنے کے لیے ہوم اسکرین یا ایپلیکیشنز کی اسکرین پر بائیں یا دائیں اچھالیں۔ ایک ویب صفحہ یا اشیاء کی ایک فہرست کے ذریعے سکرال کرنے کے لئےاوپر یا نیچے اچھالیں، جیسے کہ رابطے۔



پھیلانا یا چبھونا

کسی حصے میں زوم ان کرنے کے لیے ویب صفحہ، نقشہ، یا امیج پر دو انگلیوں کو علیحدہ پھیلائیں۔ زوم آؤٹ کرنے کے لیے چھبوئیں۔





ہوم اسکرین لے آؤٹ

ہوم اسکرین

آلے کے تمام فیچر کی رسائی کرنے کے لیے ہوم اسکرین نقطہ آغاز ہے۔ یہ ویجیٹ، ایپلیکیشنز کی شارٹ کٹس، اور کچھ اور ڈسپلے کرتا ہے۔ ویجیٹ چھوٹی ایپلیکیشنز ہیں جو آپ کہ ہوم اسکرین پر معلومات اور آسان رسائی فراہم کرنے کے لیے مخصوص ایپلیکیشنز فنکشن شروع کرتے ہیں۔

دیگر پینل کو دیکھنے کے لیے، بائیں یا دائیں اسکرال کریں، اسکرین کے نچلے حصے پر اسکرین انڈیکٹرز میں سے ایک کو تھپتھپائیں۔ ہوم اسکرین اپنی پسند کے مطابق بنانے کے لیے، ہوم اسکرین کا نظم کرنا سے رجوع کریں۔

ہوم اسکرین اختیارات

دستیاب اختیارات تک رسائی حاصل کرنے کیلئے ہوم اسکرین پر، کسی خالی جگہ پر تھپتھپائیں اور تھامیں یا اپنی انگلیاں ایک ساتھ چبھوئیں۔

ایپلیکیشنز کی اسکرین

بشمول کسی نئی نصب شدہ ایپلیکیشنز، تمام ایپلیکیشنز کی شبیہ کو ایپلیکیشنز کی اسکرین ڈسپلے کرتی ہے۔

ہوم اسکرین پر، تھپتھپائیں ایپلیکیشنز کی اسکرین کھولنے کے لیے۔ دیگر پینل کو دیکھنے کے لیے، بائیں یا دائیں اسکرال کریں، اسکرین کے نچلے حصے پر اسکرین انڈیکیٹر منتخب کریں۔ ایپلیکیشنز کی اسکرین اپنی پسند کے مطابق بنانے کے لیے، ایپلیکیشنز کی اسکرین کا نظم کرنا سے رجوع کریں۔

اسکرین لے آؤٹ ماڈل کے لحاظ سے مختلف ہو سکتا ہے۔

اشارہ کرنے والے شبیہ

اسکرین کے بالائی حصے اسٹیٹس بار پر انڈیکیٹر شبیہات ظاہر ہوتی ہے۔ جدول میں مندرج شبیہات سب سے عام ہیں۔

اسٹیٹس بار کچھ ایپلیکیشنز میں اسکرین کے بالائی حصے پر ظاہر نہیں ہوسکتا ہے۔ اسٹیٹس بار ڈسپلے کرنے کے لیے، اسکرین کے بلائی حصے سے نیچے گھسیٹیں۔

شبیہ	تفصیل
	کوئی سگنل نہیں
/	سگنل کی طاقت
/	فی الحال سم یا یوسم کارڈ کی رسائی ہورہی ہے (ڈوئل سم وضعات)
/	رومنگ (عام خدمت علاقے کے باہر)
	GPRS نیٹورک جڑا ہوا ہے
	EDGE نیٹورک جڑا ہوا ہے
	UMTS نیٹورک جڑا ہوا ہے
	HSDPA نٹورک جڑا ہوا ہے
	HSPA+ نٹورک جڑا ہوا ہے
/	LTE نیٹ ورک منسلک (LTE کے اہل ماڈل)
	Wi-Fi جڑا ہوا
	بلیوٹوتھ فیچر فعال کر دیا گیا
	GPS فعال ہے
	زیر عمل کال
	مسڈ کال
	کمپیوٹر سے جڑ گیا
	کوئی سم یا یوسم کارڈ نہیں
	نیا متن یا ملٹی میڈیا پیغام
	الارم فعال کر دیا گیا
	خاموش موڈ فعال ہوا

شبیہ	تفصیل
	تھرتھراہٹ موڈ فعال ہوا
	فلائٹ موڈ فعال ہوا
	نقص واقع ہوا یا احتیاط کی ضرورت ہے
	بیٹری طاقت کی سطح

اطلاعات کا پینل

اطلاعات کا پینل استعمال کرنا

جب آپ پیغامات یا مسڈ کال جیسے نئے اطلاعات موصول کرتے ہیں، تو اسٹیٹس بار پر اشاراتی شبیہات ظاہر ہوتی ہیں۔ شبیہات کے بارے میں مزید معلومات دیکھنے کے لیے، اطلاعات کا پینل کھولیں اور تفصیلات دیکھیں۔

اطلاعات کا پینل کھولنے کے لیے، اسٹیٹس بار نیچے کی طرف گھسیٹیں۔ اطلاعات کا پینل بند کرنے کے لیے، بار کو اسکرین کے نچلے حصے سے اوپر کی طرف گھسیٹیں۔



آپ اطلاعات کے پینل پر درج ذیل فنکشن استعمال کرسکتے ہیں۔


اختیارات فعال یا غیر فعال کریں۔ مزید تفصیل سے سیٹنگز دیکھنے کے لیے بٹن پر تھپتھپائیں اور تھامیں۔
شروع کریں **سیٹنگز**۔
روشن حالات میں بہتر منظر کے لئے چمکیلا پن بڑھائیں۔
اجلاپن ایڈجسٹ کریں۔
سم یا یوسم کارڈ منتخب کریں۔ (دوہری سم والے ماڈل):
ایک اطلاع پر تھپتھپائیں اور متعدد عملیات انجام دیں۔
تمام اطلاعات صاف کریں۔

جلدی سیٹنگ بٹن دوبارہ ترتیب دیں

اطلاعات کے پینل پر فوری سیٹنگز کے بٹن دوبارہ ترتیب دینے کے لئے، ایپلیکیشنز کی اسکرین کھولیں اور تھپتھپائیں **سیٹنگز** ← **ڈسپلے** ← **اعلامیہ پینل**۔ ایشیا کو تھپتھپائیں اور تھامیں، اور پھر ایشیا کو دوسری جگہ گھسیٹیں۔

فوری سیٹنگ کے بٹن استعمال کرنا

آپ اطلاعات پینل پر کچھ اختیارات فعال اور غیر فعال کر سکتے ہیں۔ ان کو فعال یا غیر فعال کرنے کے لئے مندرجہ ذیل اختیارات کو تھپتھپائیں۔ اگر آپ ایک بٹن کو تھپتھپاتے اور تھامتے ہیں، آپ مزید تفصیلی سیٹنگز ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

- **Wi-Fi**: مزید معلومات کے لئے Wi-Fi سے رجوع کریں۔
- **مقام**: مزید معلومات کے لئے مقام سے رجوع کریں۔
- **آواز / تھرتھرانا / آواز بند**: ایک آواز موڈ منتخب کریں۔
- **اسکرین گردش**: جب آپ آلے کو گھماتے ہیں اس وقت انٹرفیس کو گھومنے دیں یا روکیں۔

کچھ ایپلیکیشنز اسکرین نہیں گھومنے دیتی ہیں۔

- **بلیو ٹوتھ**: مزید معلومات کے لئے بلیوٹوتھ سے رجوع کریں۔
- **موبائل ڈیٹا**: مزید معلومات کے لئے ڈیٹا استعمال یا موبائل نیٹ ورکس سے رجوع کریں۔
- **U. پاور بچت**: مزید معلومات کے لئے الٹرا پاور بچت موڈ سے رجوع کریں۔
- **موبائل ہاٹ اسپاٹ**: مزید معلومات کے لئے ٹیتھرنگ اور موبائل ہاٹ اسپاٹ سے رجوع کریں۔
- **ہم وقت**: جب آپ اس خاصیت کو فعال کرتے ہیں تو، آلہ خود کار طریقے سے ایپس کو ہم آہنگ کرتا ہے، جیسے کہ کیلنڈر یا ای میل۔
- **فلائٹ موڈ**: مزید معلومات کے لئے فلائٹ موڈ سے رجوع کریں۔

ایپلیکیشنز کھولنا

ہوم اسکرین یا ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، کھولنے کے لیے کسی ایپلیکیشن کی شبیہ منتخب کریں۔

حالیہ مستعمل ایپلیکیشنز کی فہرست کھولنے کے لیے، تھپتھپائیں اور کھولنے کے لیے ایپلیکیشن شبیہ منتخب کریں۔

ایپلیکیشن بند کرنا

تھپتھپائیں اور پھر اسے بند کرنے کے لئے اور ایپلی کیشن شبیہ کو بائیں یا دائیں گھسیٹیں۔ تمام چل رہی ایپلیکیشن بند کرنے کے لیے تھپتھپائیں ← .

ایپلیکیشنز تنصیب یا غیرتنصیب کرنا

Galaxy Apps

ایپس خریدنے اور ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے یہ ایپ استعمال کریں۔

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **Galaxy Apps**۔

خطہ یا خدمت فراہم کنندہ کے لحاظ سے یہ ایپلیکیشن دستیاب نہیں ہوسکتا ہے۔

ایپلیکیشنز تنصیب کرنا

زمرے کے لحاظ سے ایپلی کیشنز براؤز کریں، یا کلیدی لفظ تلاش کرنے کے لئے **تلاش** کو تھپتھپائیں۔

ایپلیکیشن منتخب کریں تاکہ اس کے بارے میں معلومات دیکھیں۔ مفت ایپلیکیشنز ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے، تھپتھپائیں **انسٹال کریں**۔ ایپلیکیشنز خریدنے اور ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے جہاں چارجز لگتے ہیں، بٹن تھپتھپائیں جو ایپلیکیشن کی قیمت ڈسپلے کرتا ہے۔

خودکار اپڈیٹ سیٹنگز تبدیل کرنے کے لئے ← **سیٹنگز** ← **ایپلیکیشنز خودکار تازہ کاری کریں**، اور پھر ایک اختیار منتخب کریں۔

Play Store

ایپس خریدنے اور ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے یہ ایپ استعمال کریں۔

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر تھپتھپائیں **Play Store**۔

ایپلیکیشنز تنصیب کرنا

زمرے کے لحاظ سے ایپلیکیشنز براؤز کریں، یا تھپتھپائیں تاکہ کلیدی لفظ تلاش کریں۔

ایپلیکیشن منتخب کریں تاکہ اس کے بارے میں معلومات دیکھیں۔ مفت ایپلیکیشنز ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے، تھپتھپائیں **INSTALL**۔ ایپلیکیشنز خریدنے اور ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے جہاں چارجز لگتے ہیں، قیمت تھپتھپائیں اور آن اسکرین ہدایات پر عمل کریں۔

خودکار اپڈیٹ سیٹنگز تبدیل کرنے کے لئے ← **Settings** ← **Auto-update apps**، اور پھر ایک اختیار منتخب کریں۔

ایپلیکیشنز مینیج کرنا

ایپلیکیشنز غیرتنصیب یا نااہل کرنا

ڈیفالٹ ایپلیکیشنز نااہل کرنے کے لیے، ایپلیکیشنز کی اسکرین کھولیں، اور تھپتھپائیں ⋮ ← **ناتنصیب/ نااہل ایپس**۔ ایپلیکیشنز پر ظاہر ہوتا ہے جسے آپ نااہل کرسکتے ہیں۔ ایک ایپلیکیشن منتخب کریں اور **ٹھیک ہے** پر تھپتھپائیں۔

ڈاؤن لوڈ شدہ ایپلیکیشنز غیرتنصیب کرنے کے لیے، ایپلیکیشنز کی اسکرین کھولیں اور تھپتھپائیں ⋮ ← **ڈاؤن لوڈ کردہ ایپلیکیشنز** ← ⋮ ← **نا تنصیب کریں**۔ متبال طور پر، ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **سیٹنگز** ← **ایپلیکیشن مینیجر**، ایپلیکیشن منتخب کریں، اور پھر تھپتھپائیں **ناتنصیب کریں**۔

ایپس کو اہل کرنا

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں ⋮ ← **غیر فعال کردہ ایپس دکھائیں**، ایپلیکیشنز منتخب کریں، اور پھر تھپتھپائیں **مکمل**۔ متبال طور پر، ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **سیٹنگز** ← **ایپلیکیشن مینیجر**، **نااہل** میں اسکرال کریں، ایپلیکیشن منتخب کریں، اور پھر تھپتھپائیں **فعال**۔

- ایپلیکیشنز چھپانا: صرف ایپلیکیشنز کی اسکرین میں ایپلیکیشنز چھپائیں۔ آپ مخفی ایپلیکیشنز استعمال کرنا جاری رکھ سکتے ہیں۔
- ایپلیکیشنز نااہل کرنا: منتخب ڈیفالٹ ایپلیکیشنز نااہل کریں جسے آلہ سے غیرتنصیب نہیں کیا جاسکتا ہے۔ آپ نااہل کی گئی ایپلیکیشنز استعمال نہیں کر سکتے ہیں۔
- ایپلیکیشنز غیرتنصیب کرنا: ڈاؤن لوڈ شدہ ایپلیکیشنز غیرتنصیب کریں۔

متن داخل کریں

کیی بورڈ لے آؤٹ

خودبخود کی بورڈ ظاہر ہوتا ہے جب آپ پیغامات بھیجنے، میمو تخلیق کرنے، یا کچھ اور کے لیے متن داخل کرتے ہیں۔

کچھ زبانوں میں متنی اندراج کی معاونت نہیں ہے۔ متن درج کرنے کے لئے آپ کو مداخلے کی زبان کو سہولت یافتہ زبانوں میں سے کسی ایک پر تبدیل کرنا ہوگا۔


کی بورڈ کی سیٹنگ تبدیل کریں۔
بڑے حروف داخل کریں۔ تمام بڑے حرف کے لیے، دوبار تھپتھپائیں۔
نمبر اور علامات وقف داخل کریں۔
ماقبل کریکٹر حذف کریں۔
اگلی سطر پر جائیں۔
خالی جگہ داخل کریں۔

کیی بورڈ مداخلے کی زبان تبدیل کرنا

تھپتھپائیں ⚙ ← **اندراج کی زبانیں منتخب کریں**، اور پھر استعمال کرنے کے لیے زبان منتخب کریں۔ اگر آپ دو یا زیادہ زبانیں منتخب کرتے ہیں، تو آپ خالی جگہ کی کلید بائیں یا دائیں کھسکاکر مداخلے کی زبانیں تبدیل کرسکتے ہیں۔

کی بورڈ لے آؤٹ تبدیل کرنا

تھپتھپائیں ⚙، زبان منتخب کریں ماتحت **اندراج کی زبانیں**، اور پھر استعمال کرنے کے لیے کیی بورڈ لے آؤٹ منتخب کریں۔

کی بورڈ 3x4 پر، ایک کلید میں تین یا چار کریکٹر ہوتے ہیں۔ کوئی حرف داخل کرنے کیلئے مطلوبہ حرف ظاہر ہونے تک بار بار اس کلید پر تھپتھپاتے رہیں۔

اضافی کی بورڈ فنکشن استعمال کرنا

مختلف افعال استعمال کرنے کے لئے ⚙ تھپتھپائیں اور تھامیں۔ آخری مستعمل فنکشن کے لحاظ سے ⚙ کے بجائے دیگر شبیہات ظاہر ہوسکتی ہیں۔

- 🎤 : بذریعہ وائس متن داخل کریں۔



- ⚙ : کی بورڈ کی سیٹنگز تبدیل کریں۔
- 😃 : ایموٹیکون داخل کریں۔

کاپی یا پیسٹ کرنا

1 متن کے اوپر تھپتھپائیں اور تھامیں۔

2 گھسیٹیں یا تاکہ مطلوبہ متن منتخب کریں، یا تھپتھپائیں **سب منتخب کریں** تاکہ تمام متن منتخب کریں۔

3 تھپتھپائیں **کاپی** یا **کٹ**۔ منتخب متن کلپ بورڈ میں کاپی ہوجاتا ہے۔

4 کرسر اس نقطہ پر رکھیں جہاں متن کو داخل کرنا ہے اور تھپتھپائیں ← **جوڑ دیں**۔

اسکرین کی تصویر کھینچیں

آلہ استعمال کرتے ہوئے ایک اسکرین شاٹ گرفت کریں۔

ایک ہی وقت میں ہوم کلید اور پاور کلید کو دبائیں اور تھامیں۔ تصویر **گیلری** ← **Screenshots** فولڈر میں محفوظ ہوتی ہے۔

کچھ ایپلیکیشن استعمال کرنے کے دوران اسکرین شاٹ کی تصویر کھینچنا ممکن نہیں ہے۔

میری فائلیں

آلہ میں محفوظ مختلف فائلوں تک رسائی حاصل کرنے کے لئے یہ ایپلیکیشن استعمال کریں۔

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **میری فائلیں**۔

الٹرا پاور بچت موڈ

آلہ کا بیٹری پاور میں توسیع کرنے کے لیے یہ وضع استعمال کریں۔ حد سے زیادہ پاور کی بچت کے موڈ میں آلہ درج ذیل انجام دیتا ہے:

- دستیاب ایپلیکیشنز کو لازمی اور منتخب ایپلیکیشنز کو محدود کرتا ہے۔
- جب اسکرین آف ہوتی ہے اس وقت موبائل ڈیٹا کنیکشن غیرفعال کرتا ہے۔
- Wi-Fi اور بلیوٹوتھ فیچر غیرفعال کرتا ہے۔

اطلاعات کا پینل کھولیں اور تھپتھپائیں **U. پاور بچت** تاکہ اسے فعال کریں۔

ہوم اسکرین پر ایپلیکیشنز شامل کرنے کے لیے، تھپتھپائیں ⊕ اور ایپلیکیشن منتخب کریں۔

ہوم اسکرین سے ایپلیکیشن ہٹانے کے لیے، تھپتھپائیں ⋮ ← **ہٹائیں**، ایپلیکیشن منتخب کریں مع ⊖، اور تھپتھپائیں **ٹھیک ہے**۔

حد سے زیادہ پاور بچت موڈ کے لئے سیٹنگز تبدیل کرنے کے لے، جیسے کہ نیٹ ورک کنیکٹوٹی یا آواز، تھپتھپائیں ⋮ ← **سیٹنگز**۔

حد سے زیادہ پاور بچت کی کا فیچر غیرفعال کرنے کے لیے، تھپتھپائیں ⋮ ← **الٹرا پاور بچت موڈ کو غیر فعال کریں**۔

اگر آلہ استعمال میں نہ ہو اس وقت تخمینہ شدہ زیادہ سے زیادہ اسٹینڈبائے کا وقت بیٹری پاور ختم ہونے سے پہلے بقیہ وقت دکھاتا ہے۔ آپ کے آلہ کی سیٹنگز اور آپریٹنگ کیفیات کے لحاظ سے اسٹینڈبائے کے وقت میں فرق ہوسکتا ہے۔

نٹورک کنیکٹویٹی

موبائل ڈیٹا

انٹرنیٹ استعمال کرنے یا دیگر آلات کے ساتھ میڈیا فائلوں کی شراکت کرنے کے لیے آلے کو کسی موبائل نٹورک سے جوڑیں۔ اضافی اختیارات کے لیے ڈیٹا استعمال سے رجوع کریں۔

◄ **دوہری سم والے ماڈل**: ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **سیٹنگز** ← **ڈیٹا استعمال** ← سم یا یوسم کارڈ، اور پھر ٹک کریں **موبائل ڈیٹا**۔

◄ **ایک سم والے ماڈل**: ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **سیٹنگز** ← **ڈیٹا استعمال**، اور پھر ٹک کریں **موبائل ڈیٹا**۔

Wi-Fi

انٹرنیٹ استعمال کرنے یا دیگر آلات کے ساتھ میڈیا فائلوں کی شراکت کرنے کے لیے آلے کو کسی Wi-Fi نٹورک سے جوڑیں۔ اضافی اختیارات کے لیے Wi-Fi سے رجوع کریں۔

جب استعمال میں نہ ہو اس وقت بیٹری بچانے کے لیے Wi-Fi آف کریں۔

1 ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **سیٹنگز** ← **Wi-Fi**، اور پھر تھپتھپائیں **Wi-Fi** سوئچ پر اس کو فعال کرنے کیلئے۔

2 Wi-Fi نیٹ ورک کی فہرست سے نیٹ ورک منتخب کریں۔ نٹورک جسے پاس ورڈ درکار ہوتا ہے لاک شبیہ کے ساتھ ظاہر ہوتا ہے۔

3 تھپتھپائیں **منسلک**۔

ایک بار جب ایک آلہ ایک Wi-Fi نیٹ ورک سے کنیکٹ ہوتا ہے، آلہ اس نیٹ ورک کو جب دستیاب ہوگا تو پاسورڈ کے بغیر کنیکٹ کرے گا۔

خود کار طریقے سے نیٹ ورک سے کنیکٹ کرنے سے آلہ کو روکنے کے لئے، نیٹ ورک کی فہرست سے اس کو منتخب کریں اور تھپتھپائیں **بھولیں**۔

ٹیتھرنگ اور موبائل ہاٹ اسپاٹ

ٹیتھرنگ اور موبائل ہاٹ اسپاٹ کے بارے میں

اگر انٹرنٹ کنیکشن عدم دستیاب ہو تو آلہ کے موبائل ڈیٹا کنیشکن کا کمپیوٹر اور دیگر آلات کے ساتھ شراکت کرنے کے لیے یہ فیچر استعمال کریں۔ کنیکشن کو بذریعہ Wi-Fi، USB، یا بلیوٹوتھ بنایا جا سکتا ہے۔

اس فیچر کو استعمال کرتے وقت آپ کو اضافی چارجز برداشت کرنا پڑسکتے ہیں۔

موبائل ہاٹ اسپاٹ استعمال کرنا

اپنے آلہ کو بطور موبائل ہاٹ اسپاٹ استعمال کریں تاکہ اپنے آلہ کے موبائل ڈیٹا کنیکشن کی شراکت دیگر آلات کے ساتھ کریں۔

1 ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **سیٹنگز** ← **ٹیتھرنگ اور موبائل ہاٹ اسپاٹ** ← **موبائل ہاٹ اسپاٹ**۔

2 اسے فعال کرنے کیلئے **موبائل ہاٹ اسپاٹ** سوئچ پر تھپتھپائیں۔

- اسٹیٹس بار پر ظاہر ہوتا ہے۔ دیگر آلات آپ کے آلہ کو Wi-Fi نٹورک فہرست پر تلاش کرسکتے ہیں۔
- موبائل ہاٹ اسپاٹ کے لیے پاس ورڈ سیٹ کرنے کے لئے، تھپتھپائیں ⋮ ← **ہاٹ اسپاٹ کو ترتیب دیں** اور سلامتی کی سطح منتخب کریں۔ پھر، پاس ورڈ داخل کریں اور تھپتھپائیں **محفوظ کریں**۔

3 دوسرے آلہ کی اسکرین پر، Wi-Fi نٹورک کی فہرست سے اپنے آلہ کو تلاش اور منتخب کریں۔

4 جڑے ہوئے آلہ پر، انٹرنٹ کی رسائی کرنے کے لیے آلہ کے موبائل ڈیٹا کنیکشن کو استعمال کریں۔

USB ٹیتھرنگ استعمال کرنا

بذریعہ USB کیبل آلہ کے موبائل ڈیٹا کنیکشن کی دیگر آلات کے ساتھ شراکت کریں۔

1 ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **سیٹنگز** ← **ٹیتھرنگ اور موبائل ہاٹ اسپاٹ**۔

2 بذریعہ USB کیبل اپنے آلہ کو کمپیوٹر سے جوڑیں۔

3 ٹک کریں **ٹیتھرنگ USB**۔

اسٹیٹس بار پر ظاہر ہوتا ہے جب دو آلات جڑے ہوتے ہیں۔

4 کمپیوٹر پر، اپنے آلہ کا موبائل ڈیٹا کنیکشن استعمال کریں۔

بلیوٹوتھ استعمال کرنا

بذریعہ بلیوٹوتھ آلہ کے موبائل ڈیٹا کنیکشن کے دیگر آلات کے ساتھ شراکت کریں۔ یقینی بنائیں کہ کمپیوٹر جسے آپ جوڑتے ہیں وہ بلیوٹوتھ فیچر کی معاونت کرتا ہے۔

1 بذریعہ بلیوٹوتھ آپ کے آلہ کا دیگر آلات کے ساتھ جوڑا بنایا ہوا ہے۔ مزید معلومات کے لیے دیگر بلیوٹوتھ آلات کے مابین جوڑا بنانا سے رجوع کریں۔

2 آپ کے آلہ کی ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **سیٹنگز** ← **ٹیتھرنگ اور موبائل ہاٹ اسپاٹ**۔

3 ٹک کریں **بلیوٹوتھ ٹیتھرنگ**۔

4 جڑے ہوئے آلہ پر، بلیوٹوتھ سیٹنگز اسکرین کھولیں، تھپتھپائیں ⚙ ← **انٹرنیٹ رسائی**۔

اسٹیٹس بار پر ظاہر ہوتا ہے جب دو آلات جڑے ہوتے ہیں۔

5 جڑے ہوئے آلہ پر، انٹرنٹ کی رسائی کرنے کے لیے آلہ کے موبائل ڈیٹا کنیکشن کو استعمال کریں۔

جڑے ہوئے آلات کے لحاظ سے کنیکشن کے طریقے مختلف ہوسکتے ہیں۔

ذاتی بنانا

ہوم یا ایپلیکیشنز کی اسکرین مینیج کرنا

ہوم اسکرین کا نظم کرنا

آئیٹم شامل کرنا

ایپلیکیشنز کی اسکرین سے ایپلیکیشن تھپتھپائیں اور تھامیں، اور پھر اسے ہوم اسکرین پر گھسیٹیں۔

وجٹ شامل کرنے کے لیے، ہوم اسکرین کھولیں، خالی جگہ تھپتھپائیں اور تھامیں، تھپتھپائیں **وجٹ**، وجٹ تھپتھپائیں اور تھامیں، اور پھر اسے ہوم اسکرین پر گھسیٹیں۔

آئیٹم منتقل کرنا یا ہٹانا

ہوم اسکرین پر آئیٹم تھپتھپائیں اور تھامیں، اور پھر اسے نئی جگہ میں گھسیٹیں۔

آئیٹم کو دوسرے پینل میں لےجانے کے لیے، اسے اسکرین کے کنارے گھسیٹیں۔

آپ ہوم اسکرین کے نچلے حصے پر اکثر مستعمل ایپلیکیشنز کو شارٹ کٹس کے حصے میں بھی لے جاسکتے ہیں۔

آئیٹم ہٹانے کے لیے، آئیٹم تھپتھپائیں اور تھامیں۔ پھر، اسے **ہٹائیں** میں گھسیٹیں جو اسکرین کے بالائی حصے پر ظاہر ہوتا ہے۔

فولڈ تخلیق کرنا

1 ہوم اسکرین پر، ایپلیکیشن تھپتھپائیں اور تھامیں، اور پھر اسے **فولڈر بنائیں** میں گھسیٹیں جو اسکرین کے بالائی حصے پر ظاہر ہوتا ہے۔

2 فولڈر کا نام داخل کریں۔

3 تھپتھپائیں +، فولڈر میں لے جانے کے لیے ایپلیکیشنز منتخب کریں، اور پھر تھپتھپائیں **مکمل**۔

پینل مینیج کرنا

ہوم اسکرین پر، شامل کرنے، ہٹانے، یا پینل ہٹانے کے لیے خالی جگہ پر تھپتھپائیں اور تھامیں۔

پینل شامل کرنے کے لیے، آخری پینل کو بائیں اسکرال کریں، اور پھر تھپتھپائیں +۔

پینل کی جگہ تبدیل کرنے کے لیے، پنیل پیش منظر تھپتھپائیں اور تھامیں، اور پھر اسے نئی جگہ پر گھسیٹیں۔

پینل ہٹانے کے لیے، پینل پیش منظر تھپتھپائیں اور تھامیں، اور پھر اسے اسکرین کے بالائی حصے پر موجود **ہٹائیں** میں گھسیٹیں۔

پینل کو بطور اصل ہوم اسکرین سیٹ کرنے کے لیے، تھپتھپائیں ⌂۔

ایپلیکیشنز کی اسکرین کا نظم کرنا

چھنٹائی کے طریقہ کار کو تبدیل کرنا

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں ⋮ ← **دکھیں** اور چھانٹنے کا طریقہ منتخب کریں۔

ایپلیکیشنز چھپانا

ایپلیکیشنز کو چھپائیں جسے آپ ایپلیکیشنز کی اسکرین پر دیکھنا نہیں چاہتے ہیں۔

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں ⋮ ← **ایپلیکیشنز چھپائیں**، ایپلیکیشنز منتخب کریں، اور پھر تھپتھپائیں **مکمل**۔

چھپائی ہوئی ایپلیکیشنز ڈسپلے کرنے کے لئے تھپتھپائیں ⋮ ← **چھپی ایپلیکیشنز ظاہر**، ایپلیکیشنز منتخب کریں، اور پھر تھپتھپائیں **مکمل**۔

آئیٹم کی جگہ تبدیل کرنا

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں ⋮ ← **تدوین**۔ کوئی آئیٹم تھپتھپائیں اور ہولڈ کریں، اور پھر اسے نئی جگہ پر گھسیٹیں۔

آئیٹم کو دوسرے پینل میں لےجانے کے لیے، اسے اسکرین کے کنارے گھسیٹیں۔

آئیٹم کو نئے پینل پر لے جانے کے لیے، اسے **صفحہ تخلیق کریں** میں گھسیٹیں جو اسکرین کے بالائی حصے پر ظاہر ہوتا ہے۔

وال پیپر اور رنگ ٹونز سیٹنگ کرنا

وال پیپر کرنا

ہوم اسکرین اور مقفل اسکرین کے لیے آلے میں ذخیرہ شدہ امیج یا فوٹو کو بطور وال پیپر سیٹ کریں۔

1 ہوم اسکرین پر، خالی جگہ تھپتھپائیں اور تھامیں، اور پھر تھپتھپائیں **والپیپر**۔ متبادل طور پر، ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **سیٹنگز** ← **ڈسپلے** ← **وال پیپر**۔

2 اختیار اور تصویر منتخب کریں۔

3 تھپتھپائیں **بطور وال پیپر** یا **مکمل**۔

رنگ ٹون تبدیل کرنا

آنے والی کالوں اور اطلاعات کے لیے رنگ ٹون تبدیل کریں۔

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **سیٹنگز** ← **آواز**۔

◄ **دوری سام والے ماڈل**: آنے والی کالوں کے لیے رنگ ٹون سیٹ کرنے کے لیے، تھپتھپائیں **رنگ ٹون** ← ایک سم یا یوسم کارڈ ← **رنگ ٹون**، رنگ ٹون منتخب کریں اور پھر تھپتھپائیں **مکمل**۔ اپنے آلہ یا اپنے اکاؤنٹ میں ذخیرہ شدہ گانا بطور رنگ ٹون استعمال کرنے کے لیے، تھپتھپائیں **اضافہ**۔

اطلاعات کے لیے رنگ ٹون سیٹ کرنے کے لیے، تھپتھپائیں **رنگ ٹون** ← ایک سم یا یوسم کارڈ ← **اعلانات**، ایک رنگ ٹون منتخب کریں اور پھر تھپتھپائیں **مکمل**۔

◄ **ایک سم والے ماڈل**: آنے والی کالوں کے لیے رنگ ٹون سیٹ کرنے کے لیے، تھپتھپائیں **رنگ ٹون**، رنگ ٹون منتخب کریں اور پھر تھپتھپائیں **مکمل**۔ اپنے آلہ یا اپنے اکاؤنٹ میں ذخیرہ شدہ گانا بطور رنگ ٹون استعمال کرنے کے لیے، تھپتھپائیں **اضافہ**۔

اطلاعات کے لیے رنگ ٹون سیٹ کرنے کے لیے، تھپتھپائیں **اعلانات**، رنگ ٹون منتخب کریں، اور پھر تھپتھپائیں **مکمل**۔

اسکرین لاک طریقہ تبدیل کرنا

آپ اسکرین لاک کرنے کے طریقے کو تبدیل کرسکتے ہیں تاکہ دوسروں کو اپنی ذاتی معلومات کی رسائی کرنےسے روکیں۔

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **سیٹنگز** ← **اسکرین مقفل** ← **اسکرین قفل**، اور پھر اسکرین لاک کا طریقہ منتخب کریں۔ آلے کو ہر بار کھولتے وقت ان لاک کوڈ کی ضرورت پڑتی ہے۔

اگر ان لاک کوڈ بھول جائے تو اپنے آلے کو دوبارہ سیٹ کرنے کے لئے کسی سام سنگ سروس سنٹر پر لے جائیں۔

نمونہ

چار یا زیادہ نقطوں کو جوڑکر پیٹرن کا خاکہ بنائیں، اور پھر اس کی توثیق کرنے کے لیے خاکہ دوبارہ بنائیں۔ جب آپ پیٹرن کو بھول جائیں تو اسکرین کو ان لاک کرنے کے لیے بیک اپ ان لاک پن سیٹ کریں۔

پن

پن صرف نمبرات پر مشتمل ہوتا ہے۔ کم سے کم چار عدد داخل کریں، اور پھر اس کی توثیق کرنے کے لیے پاس ورڈ دوبارہ داخل کریں۔

پاس ورڈ

پاس ورڈ کیریکٹر اور نمبرات پر مشتمل ہوتا ہے۔ عدد اور علامات کے بشمول، کم سے کم چار کریکٹر داخل کریں، اور پھر اس کی توثیق کرنے کے لیے پاس ورڈ دوبارہ داخل کریں۔

اکاؤنٹس سیٹنگ اپ کرنا

اکاؤنٹ شامل کرنا

آلہ پر مستعمل کچھ ایپلیکیشنز کو رجسٹرڈ اکاونٹ کی ضرورت ہوتی ہے۔ اپنے آلہ کا بہترین تجربہ پانے کے لیے اکاؤنٹ بنائیں۔

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **سیٹنگز** ← **اکاؤنٹس** ← **اکاؤنٹ شامل کریں** اور اکاؤنٹ سروس منتخب کریں۔ پھر، اکاؤنٹ سیٹ اپ مکمل کرنے کے لیے آن-اسکرین ہدایات کی پیروی کریں۔

اپنے اکاؤنٹ کے ساتھ مشمول ہم زمان کرنے کے لیے، اکاؤنٹ منتخب کریں اور ہم زمان ہونے کے لیے آئیٹم ٹک کریں۔

اکاؤنٹ ہٹانا

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **سیٹنگز** ← **اکاؤنٹس**، اکاؤنٹ منتخب کریں، اور پھر تھپتھپائیں ⋮ ← **اکاؤنٹ ہٹانا**۔

فون

کالیں کرنا

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر تھپتھپائیں **فون**۔

◄ **دوری سم والے ماڈل**: تھپتھپائیں **کیی پیڈ**، فون نمبر داخل کریں، اور پھر تھپتھپائیں یا تاکہ وائس کال کریں، یا تھپتھپائیں تاکہ ویڈیو کال کریں۔

کال اور پیغام لاگ دیکھیں۔
پسندیدہ روابط دیکھیں۔
کی پیڈ استعمال کرکے نمبر داخل کریں۔
روابط کی فہرست دیکھیں۔
روابط کی فہرست میں نمبر شامل کریں۔
اضافی اختیارات کی رسائی کریں۔
00000000000
فون نمبر پیش منظر کریں۔
ماقبل کریکٹر حذف کریں۔

◄ **ایک سم والے ماڈل**: تھپتھپائیں **کی پیڈ**، فون نمبر داخل کریں، اور پھر تھتھپائیں تاکہ وائس کال کریں، یا تھپتھپائیں تاکہ ویڈیو کال کریں۔

کال اور پیغام لاگ دیکھیں۔
پسندیدہ روابط دیکھیں۔
کی پیڈ استعمال کرکے نمبر داخل کریں۔
روابط کی فہرست دیکھیں۔
روابط کی فہرست میں نمبر شامل کریں۔
اضافی اختیارات کی رسائی کریں۔
00000000000
فون نمبر پیش منظر کریں۔
ماقبل کریکٹر حذف کریں۔

آپ **لاگز**، **پسند کردہ**، اور **روابط** میں درج فون نمبروں کو بھی کال کرسکتے ہیں۔

کال لاگ یا روابط کی فہرستوں سے کال کرنا

تھپتھپائیں **لاگز** یا **روابط**، اور پھر کال کرنے کے لیے رابطہ یا فون نمبر دائیں گھسیٹیں۔

بین الاقوامی کال کرنا

تھپتھپائیں **کی پیڈ**۔

◄ **دوہری سم والے ماڈل**: تھپتھپائیں اور تھامیں **0** حتٰی کہ **+** ظاہر ہو جائے۔ ملک کا کوڈ، ایریا کوڈ، اور فون نمبر داخل کریں، اور پھر تھپتھپائیں یا ۔

باہر جانے والی انٹرنیشنل کالوں کو بلاک کرنے کے لیے، تھپتھپائیں ⋮ ← **سیٹنگز** ← **کال** ← **اضافی سیٹنگز** ← ایک سم یا یوسم کارڈ ← **کال بارنگ**۔ پھر، کال کی قسم منتخب کریں اور ٹک کریں **بین الاقوامی کالیں**۔

◄ **واحد سم والے ماڈل**: تھپتھپائیں اور ہولڈ کریں **0** حتٰی کہ **+** ظاہر ہوجائے۔ ملک کا کوڈ، خطہ کا کوڈ، اور فون نمبر داخل کریں، اور پھر تھپتھپائیں ۔

باہر جانے والی انٹرنیشنل کالوں کو بلاک کرنے کے لیے، تھپتھپائیں ⋮ ← **سیٹنگز** ← **کال** ← **اضافی سیٹنگز** ← **کال بارنگ**۔ پھر، کال کی قسم منتخب کریں اور ٹک کریں **بین الاقوامی کالیں**۔

کالیں موصول کرنا

کال کا جواب دینا

جب کال آئے تو بڑے دائرے کو باہر گھسیٹیں۔

ایک کال مسترد کرنا

جب کال آئے تو بڑے دائرے کو باہر گھسیٹیں۔

آنے والی کال کو مسترد کرتے وقت پیغام بھیجنے کے لیے، مسترد پیغام بار اوپر کی طرف گھسیٹیں۔

مسترد کرنے کے متعدد پیغامات تخلیق کرنے کے لیے، ایپلیکیشنز کی اسکرین کھولیں اور تھپتھپائیں **فون** ← ⋮ ← **سیٹنگز** ← **کال** ← **کال مسترد کرنا** ← **کال مسترد پیغامات سیٹ اپ کریں** ← +۔

مسڈ کالیں

اگر کوئی مسڈ کال ہے تو، اسٹیٹس بار میں ظاہر ہوتی ہے۔ مسڈ کالوں کی فہرست دیکھنے کے لیے اطلاعات کا پینل کھولیں۔ متبادل طور پر، ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **فون** ← **لاگز** تاکہ مسڈ کال دیکھیں۔

کالز کے دوران اختیارات

وائس کال کے دوران

درج ذیل اعمال دستیاب ہیں:

- **کال اضافہ**: ایک دوسری کال ڈائل کریں۔
- **کی پیڈ**: کی پیڈ کھولیں۔
- **کال ختم**: حالیہ کال ختم کریں۔
- **اسپیکر**: اسپیکرفون فعال یا غیر فعال کریں۔ اسپیکر فون استعمال کرنے کے دوران آلہ کو اپنے کانوں سے دور رکھیں۔
- **آواز بند**: مائکروفون آف کریں تاکہ دوسرا فریق آپ کو سن نہ سکے۔
- **بلیوٹوتھ**: بلیوٹوتھ ہیڈ سیٹ میں سوئچ کریں اگر یہ آلے سے جڑا ہو۔

مزید اختیارات دیکھنے کے لیے تھپتھپائیں ⋮۔

جب آپ کال کے دوران ایپلیکیشنز شروع کرتے ہیں، تو کال اسکرین کے لیے پاپ اپ ونڈو ( ) ظاہر ہوتی ہے۔ آپ ایپلیکیشنز استعمال کرنے کے دوران اپنی فون گفتگو کو جاری رکھ سکتے ہیں۔

پاپ اپ ونڈو کی جگہ تبدیل کرنے کے لیے، اسے دوسری جگہ گھسیٹ کر لے جائیں۔

پاپ اپ ونڈو حذف کرنے کے لیے، اسے تھپتھپائیں اور تھامیں، اور پھر تھپتھپائیں **ٹھیک ہے**۔

کال کی اسکرین پر واپس جانے کے لیے، پاپ اپ ونڈو تھپتھپائیں۔

ویڈیو کال کے دوران

درج ذیل اختیارات استعمال کرنے کے لیے اسکرین تھپتھپائیں:

- **سوئچ**: سامنے اور پیچھے کے کیمروں کے مابین سوئچ کریں۔
- **آواز بند**: مائکروفون آف کریں تاکہ دوسرا فریق آپ کو سن نہ سکے۔
- **کال ختم**: حالیہ کال ختم کریں۔

مزید اختیارات دیکھنے کے لیے تھپتھپائیں ⋮۔

روابط

روابط شامل کرنا

دیگر آلات سے روابط منتقل کرنا

آپ دیگر آلات سے اپنے آلہ میں روابط منتقل کرسکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے اپنے سابقہ آلے سے ڈیٹا منتقل کرنا سے رجوع کریں۔

دستی طور پر روابط تخلیق کرنا

1 ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **روابط** ← **روابط**۔

2 تھپتھپائیں + اور رابطے کی معلومات داخل کریں۔

- : امیج شامل کریں۔
- + / — : رابطے کا خانہ شامل کریں یا حذف کریں۔

3 تھپتھپائیں **محفوظ کریں**۔

کی پیڈ سے روابط کی فہرست میں فون نمبر شامل کرنے کے لیے، تھپتھپائیں **کی پیڈ**، نمبر داخل کریں، اور پھر تھپتھپائیں **رابطہ افراد پر اضافہ کریں**۔

روابط درآمد اور برآمد کرنا

ذخیرہ سروسز سے اپنے آلہ میں روابط درآمد کریں یا آلہ سے ذخیرہ سروسز میں روابط برآمد کریں۔

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **روابط** ← **روابط**

تھپتھپائیں ⋮ ← **سیٹنگز** ← **روابط** ← **درآمد/برآمد**، اور پھر درآمد یا برآمد کا اختیار منتخب کریں۔

روابط تلاش کرنا

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **روابط** ← **روابط**۔

تلاش کے درج ذیل طریقوں میں سے ایک استعمال کریں:

- روابط کی فہرست اوپر یا نیچے اسکرال کریں۔
- روابط کی فہرست کے بالائی حصے پر تلاش کے خانے کو تھپتھپائیں اور تلاش کے شرائط داخل کریں۔

رابطہ منتخب ہونے پر، درج ذیل عملیات میں سے ایک اپنائیں:

- ★ : پسندیدہ روابط میں شامل کریں۔
- / : وائس یا ویڈیو کال کریں۔
- : پیغام تخلیق کریں۔
- : ای میل تخلیق کریں۔

ہوم اسکرین پر روابط کی شارٹ کٹس شامل کرنا

ہوم اسکرین پر روابط کی شارٹ کٹ شامل کریں جن سے آپ اکثر مواصلت کرتے ہیں۔

1 ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **روابط** ← **روابط**۔

2 رابطہ منتخب کریں۔

3 تھپتھپائیں ⋮ ← **ہوم اسکرین پر تیز راہ شامل کریں**۔

پیغامات اور ای میل

پیغامات

پیغامات بھیجنا

متنی پیغامات (ایس ایم ایس) یا ملٹی میڈیا پیغامات (ایم ایم ایس) بھیجیں۔

رومنگ میں ہونے پر پیغامات بھیجنے یا موصول کرنے کے لیے آپ کو اضافی چارجز دینے پڑسکتے ہیں۔

1 ایپلیکیشنز کی اسکرین پر تھپتھپائیں **پیغامات**۔

2 تھپتھپائیں ✎۔

3 موصول کنندگان کو شامل کریں اور پیغام داخل کریں۔

◄ **دوہری سم والے ماڈل:**


اضافی اختیارات کی رسائی کریں۔
وصول کنندگان کو شامل کریں۔
روابط کی فہرست سے روابط منتخب کریں۔
پیغام داخل کریں۔
پیغام بھیجیں۔
فائلیں منسلک کریں۔

◄ **واحد سم والے ماڈل**:


اضافی اختیارات کی رسائی کریں۔
وصول کنندگان کو شامل کریں۔
روابط کی فہرست سے روابط منتخب کریں۔
پیغام داخل کریں۔
پیغام بھیجیں۔
فائلیں منسلک کریں۔

4 ◄ **دورہ سم والے ماڈل**: تھپتھپائیں یا پیغام بھیجنے کے لئے۔

◄ **واحد سم والے ماڈل**: تھپتھپائیں یا پیغام بھیجنے کے لئے۔

آنے والے پیغامات دیکھنا

آنے والے پیغامات کو رابطے کے ذریعہ پیغام کے تھریڈوں میں گروپ کیا جاتا ہے۔ شخص کے پیغامات کو دیکھنے کے لیے رابطہ منتخب کریں۔

رومنگ میں ہونے پر پیغامات بھیجنے یا موصول کرنے کے لیے آپ کو اضافی چارجز دینے پڑسکتے ہیں۔

پیغام دیکھنے کے دوران، تھپتھپائیں ⋮ تاکہ مزید اختیارات دیکھیں۔

ای میل

ای میل اکاؤنٹس سیٹ کرنا

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر تھپتھپائیں **ای میل**۔

پہلی بار جب **ای میل** آئے تو ای میل اکاؤنٹ سیٹ اپ کریں۔

ای میل پتہ اور پاس ورڈ داخل کریں۔ نجی ای میل اکاؤنٹ کے لیے تھپتھپائیں **اگلا** یا کمپنی ای میل کے لیے، تھپتھپائیں **ہاتھ سے سیٹ اپ**۔ اس کے بعد، سیٹ اپ مکمل کرنے کے لیے، آن اسکرین ہدایات پر عمل کریں۔

دوسرا ای میل اکاؤنٹ سیٹ اپ کرنے کے لیے، تھپتھپائیں ☰ ← **اکاؤنٹس منظم کرنا** ← +۔

اگر آپ کے پاس ایک سے زیادہ ای میل اکاؤنٹ ہیں، تو آپ ڈیفالٹ اکاؤنٹ کے طور پر ایک مقرر کر سکتے ہیں۔ تھپتھپائیں ☰ ← **اکاؤنٹس منظم کرنا** ← ⋮ ← **ڈیفالٹ اکاؤنٹ کے طور پر سیٹ کریں**۔

ای میلز بھیجنا

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر تھپتھپائیں **ای میل**۔

ایک پیغام تحریر کرنے کے لئے سکرین کے سب سے نیچے ✎ پر تھپتھپائیں۔


بعد میں ترسیل کرنے کے لئے پیغام محفوظ کریں۔
تصاویر، ویڈیو، اور دیگر منسلک کریں۔
وصول کنندگان شامل کریں۔
ایک موضوع داخل کریں۔
پیغام داخل کریں۔
پیغام ضائع کر دیں۔
پیغام بھیجیں۔
اضافی اختیارات کی رسائی کریں۔
ایک سی سی یا بی سی سی میں شامل کریں۔
رابطوں کی فہرست سے وصول کنندگان کو شامل کریں۔

ای میلز پڑھنا

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر تھپتھپائیں **ای میل**۔

تھپتھپائیں ☰، استعمال کرنے کے لیے ای میل اکاؤنٹ منتخب کریں، اور نئے پیغامات بازیافت ہوجاتے ہیں۔ دستی طور پر نئے پیغامات بازیافت کرنے لیے، تھپتھپائیں ↻۔

پڑھنے کے لیے پیغام تھپتھپائیں۔


پیغام حذف کریں۔
اضافی اختیارات کی رسائی کریں۔
یہ ای میل پتہ اپنے روابط کی فہرست میں شامل کریں یا دیگر اختیارات دیکھیں۔
منسلکات کھولیں۔
پیغام کو بطور یادہانی مارک کریں۔
پیغام آگے بڑھائیں۔
تمام وصول کنندگان کو جواب دیں۔
سابقہ یا اگلے پیغام میں جائیں۔
پیغام کا جواب دیں۔

کیمرہ

بنیادی شوٹنگ

فوٹو کھینچنا اور ویڈیوز ریکارڈنگ کرنا

1 ایپلیکیشنز کی اسکرین پر تھپتھپائیں **کیمرہ**۔

2 جہاں کیمرے کو فوکس کرنا ہے وہاں پیش منظر اسکرین پر امیج تھپتھپائیں۔

3 فوٹو کھینچنے کے لیے تھپتھپائیں یا ویڈیو لینے کے لیے تھپتھپائیں۔

زوم ان کے لیے اسکرین پر دو انگلیوں کو علیحدہ پھیلائیں، اور زوم آؤٹ کے لیے چبھوئیں۔


حالیہ وضع ڈسپلے کریں۔
سامنے اور پیچھے کیمرے کے درمیان سوئچ کریں۔
کیمرہ سیٹنگز تبدیل کریں۔
ایک ویڈیو ریکارڈنگ شروع کریں۔
فوٹو کھینچیں۔
شوٹنگ موڈ تبدیل کریں۔
اپنے کھینچے ہوئے فوٹو اور ویڈیو دیکھیں۔

- جب استعمال میں نہیں ہوتا ہے تو کیمرہ خودبخود آف ہوجاتا ہے۔
- یقینی بنائیں کہ لینس صاف ہے۔ ورنہ، آلہ کچھ موڈ میں مناسب طور سے نہیں چل سکتا ہے جس میں زیادہ ریزولوشن کی ضرورت ہوتی ہے۔
- چوڑے زاویے سے فوٹو کھینچنے کے لیے سامنے کے کیمرےکا لینس موزوں ہے۔ چوڑے زاویے کے فوٹو میں معمولی سی تحریف ہوسکتی ہے اور آلہ کی کارکردگی کے مسائل کا اشارہ نہیں دیتی ہے۔

مقفل اسکرین پر کیمرہ شروع کرنا

خصوصی لمحات کے جلدی فوٹو کھینچنے کے لیے، مقفل اسکرین پر **کیمرہ** شروع کریں۔

مقفل اسکرین پر، بڑے دائرے کے باہر گھسیٹیں . اگر ظاہر نہیں ہوتی ہے تو، ایپلیکیشنز کی اسکرین کھولیں، تھپتھپائیں **سیٹنگز** ← **اسکرین مقفل**، اور پھر ٹک کریں **کیمرہ شارٹ کٹ**۔

خطہ یا خدمت فراہم کنندہ کے لحاظ سے یہ فیچر دستیاب نہیں ہوسکتا ہے۔

کیمرہ کے آداب

- ان کی اجازت کے بغیر دوسرے لوگوں کے فوٹو یا ویڈیوز ریکارڈ نہ کریں۔
- جہاں قانوناً ممنوع ہو فوٹو نہ لیں یا ویڈیو ریکارڈ نہ کریں۔
- ان مقامات پر فوٹو نہ لیں یا ویڈیو ریکارڈ نہ کریں جہاں آپ دوسرے لوگوں کی نجی حیثیت کی خلاف ورزی کرسکتے ہیں۔

شوٹنگ موڈز

آٹو

اس موڈ کو استعمال کریں تاکہ کیمرہ ماحولیات کا جائزہ لے اور فوٹو کے لیے مثانی وضع کی تعین کرے۔

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **کیمرہ** ← ← **آٹو**۔

خوبصورت فیس

خلیق تصویر کے روشن چہروں کے ساتھ فوٹو کھینچنے کے لیے اس موڈ کو استعمال کریں۔

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **کیمرہ** ← ← **خوبصورت فیس**۔

منظر مسلسل

ایک ساتھ متعدد چڑھی ہوئی فوٹو کے مرکب کے ساتھ فوٹو کھینچنے کے لئے پینوراما موڈ استعمال کریں۔

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **کیمرہ** ← ⧉ ← **منظر مسلسل**۔ آلہ ▮■▮ میں **گیلری** میں کے ساتھ تصاویر کی شناخت کرتا ہے۔

عمدہ شاٹ حاصل کرنے کے لیے، ان مشوروں پر عمل کریں:

- کیمرہ کو ایک سمت میں آہستہ آہستہ موڑیں۔
- کیمرے کے منظر بین پر فریم کے اندر تصویر رکھیں۔
- غیر مختلف پس منظر میں تصاویر لینے سے بچیں جیسے کہ ایک خالی آسمان یا ایک سادہ دیوار۔

بہترین فوٹو

یہ وضع استعمال کریں تاکہ سلسلہ وار فوٹو کھینچیں اور سب سے عمدہ کو محفوظ کریں۔ سلسلہ میں دیگر فوٹو دیکھنے کے لیے، بائیں یا دائیں اسکرال کریں۔ آلہ سب سے عمدہ تصویر کی سفارش کرتا ہے اور اس کی 👑 کے ساتھ شناخت کرتا ہے۔

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **کیمرہ** ← ⧉ ← **بہترین فوٹو**۔

مسلسل شاٹ

محترک موضوعات کی سلسلہ وار تصویریں کھینچنے کے لیے یہ موڈ استعال کریں۔

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **کیمرہ** ← ⧉ ← **مسلسل شاٹ**۔

مسلسل کئی تصاویر لینے کے لئے 📷 کو تھپتھپائیں اور تھامے رکھیں۔

رات

فلیش استعمال کئے بغیر، مدھم روشنی کے حالات میں فوٹو کھینچنے کے لیے یہ موڈ استعمال کریں۔

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **کیمرہ** ← ⧉ ← **رات**۔

کھیل

تیزی سے چلنے والے موضوعات کی سلسلہ وار تصویریں کھینچنے کے لیے یہ موڈ استعال کریں۔

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **کیمرہ** ← ⧉ ← **کھیل**۔

سیلفی

سامنے کا کیمرہ استعمال کرتے ہوئے خود پورٹریٹ کو لینے کے لئے اس کے موڈ کا استعمال کریں۔

1 ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **کیمرہ**۔

2 سامنے کا کیمرہ استعمال کرنے کے لیے تھپتھپائیں.

3 اسکرین کو اپنی ہتھیلی دکھائیں یا تھپتھپائیں تاکہ خود کی ایک تصویر لیں۔

کیمرہ سیٹنگ

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **کیمرہ** ← ⚙۔ دونوں ساکت کیمرہ اور ویڈیو کیمرہ وضعات میں تمام درج ذیل اختیارات دستیاب نہیں ہیں۔

- ⚡A / ⚡⃠ : فلیش فعال یا غیر فعال کریں۔
- OFF : سامنے کا کیمرہ سے تصویریں لیتے ہوئے اصلی منظر کا منعکس امیج بنانے کے لیے امیج الٹا کریں۔
- OFF : تاخیر سے وقت کی شاٹ کے لیے یہ فیچر استعمال کریں۔
- ✳ : تصاویر لینے یا ویڈیو ریکارڈنگ کے دوران استعمال کرنے کے لئے فلٹر کے اثر کو منتخب کریں۔
- 3.9M / 2.0M : ریزولوشن منتخب کریں۔ اعلی کوالٹی کے لیے اعلی ریزولوشن استعمال کریں۔ لیکن یہ زیادہ میموری گھیرتا ہے۔

مزید اختیارات استعمال کرنے کے لیے تھپتھپائیں ●●●۔

- **پام سیلفائی**: آلہ کو سیٹ کریں کہ آپ کی ہتھیلی کا سراغ لگائے، تاکہ آپ اسے خود کے پورٹریٹ لینے کے لیے استعمال کر سکیں۔
- **خوبصورت فیس**: آلہ کو سیٹ کریں کہ زیادہ خلیق تصاویر کے لیے منور چہروں کے ساتھ تصویر لے۔
- **فوکس وضع**: فوکس موڈ منتخب کریں۔ **خود فوکس** کیمرہ کے زیر قابو ہے۔ **میکرو** بہت قریب موضوع کے لیے ہے۔
- **ایکسپوزر قدر**: ایکسپوژر کی قدر تبدیل کریں۔ یہ تعین کرتا ہے کہ کیمرے کا سنسر کتنی روشنی موصول کرتا ہے۔ کم روشنی والی کیفیات کے لیے، اعلی ایکسپوزر استعمال کریں۔
- **ISO**: ISO قدر منتخب کریں۔ یہ کیمرہ کی روشنی کی حساسیت کو قبول کرتا ہے۔ یہ فلم کیمرہ کی برابریوں کی پیمائش کرتا ہے۔ کم مقدار اسٹیشنری یا اچھی طرح سے روشن موضوع کے لیے ہے۔ اعلی مقدار تیز حرکت کرنے والے یا خراب روشن موضوع کے لیے ہے۔

- **وہائٹ بیلینس**: مناسب وہائٹ بیلینس منتخب کریں، تاکہ امیج میں حقیقی زندگی کے رنگ ہوں۔ مخصوص روشنی والے حالات کے لیے سیٹنگ تیار کی گئی ہے۔ پیشہ ورانہ کیمرہ میں یہ سیٹنگ وہائٹ بیلینس ایکسپوزر کے لیے ہیٹ رینگ کے مساوی ہے۔
- **میٹرنگ کی وضعیں**: ناپنے کا طریقہ منتخب کریں۔ یہ اعلی اقدار کی شمار کرنے کے طریقہ متعین کرتا ہے۔ **سینٹر- ویٹڈ** منظر کے مرکز میں روشنی کی پیمائش کرتا ہے۔ **سپاٹ** ایک خاص محل وقوع پر روشنی کی مقدار کی پیمائش کرتا ہے۔ **میٹرکس** پورے منظر کو اوسط بناتا ہے۔
- **تصاویر لینے کیلئے تھپتھپائیں**: فوٹو کھینچنے کے لیے پیش منظراسکرین پر امیج تھپتھپائیں۔
- **ویڈیو کا سائز**: ریزولوشن منتخب کریں۔ اعلی کوالٹی کے لیے اعلی ریزولوشن استعمال کریں۔ لیکن یہ زیادہ میموری گھیرتا ہے۔
- **ریکارڈنگ موڈ**: ریکارڈنگ موڈ تبدیل کریں۔
- **مقام کے ٹیگز**: تصویر میں محل وقوع کا ٹیگ منسلک کرنے کے لئے آلہ سیٹ کریں۔

  - GPS سگنل بہتر بنانے کے لئے، ایسے مقامات پر کھینچنے سے گریز کریں جہاں سگنل میں مداخلت ہو، جیسے کہ عمارتوں کے بیچ میں، یا نشیبی علاقوں میں یا خراب موسم میں۔
  - جب آپ محل وقوع کا ٹیگ منسلک کی ہوئی تصویر کا اشتراک کرتے ہیں تو محل وقوع کی معلومات دوسروں پر ظاہر ہو سکتی ہے۔

- **اسٹوریج کا مقام**: ذخیرہ کرنے کے لیے میموری کی جگہ منتخب کریں۔
- **گرڈ لائنیں**: موضوع منتخب کرتے وقت اجزائے ترکیبی میں مدد کے لیے منظرتلاش رہنما ڈسپلے کریں۔
- **والیوم کلید**: سیٹ کریں کہ آلہ شٹر یا زوم کنٹرول کرنے کے لیے والیوم کلید استعمال کرے۔
- **سیٹنگز کو دوبارہ ترتیب دیں**: کیمرہ سیٹنگ دوبارہ سیٹ کریں۔

مستعمل وضع کے لحاظ سے دستیاب اختیارات مختلف ہوسکتے ہیں۔

گیلری

آلے پر مشمول دیکھنا

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **گیلری** پر تھپتھپائیں اور ایک ویڈیو یا تصویر منتخب کریں۔

پیش منظر تھمب نیل پر ویڈیو فائلیں ▶ شبیہ دکھاتی ہیں۔

مینو بار اور پیش نظارہ کرنے اور تھمب نیل دیکھنے یا ظاہر کرنے کے لئے، سکرین تھپتھپائیں۔

دوسروں کو امیج بھیجیں۔
امیج میں ترمیم کریں۔
سابقہ اسکرین پر جائیں۔
اضافی اختیارات کی رسائی کریں۔
امیج حذف کریں۔
تصویر اور ویڈیو پیش منظر کے تھمب نیل

مفید ایپلیکیشنز اور خصوصیات

S پلانر

وقوعہ تخلیق کرنا

1 ایپلیکیشنز کی اسکرین پر تھپتھپائیں **S پلانر**۔

2 تھپتھپائیں +۔ متبادل طور پر، تاریخ منتخب کریں جس میں وقوعات نہ ہوں اور تاریخ دوبارہ تھپتھپائیں۔
اگر تاریخ میں پہلے سے وقوعات محفوظ ہوں، تو تاریخ تھپتھپائیں اور تھپتھپائیں +۔

3 واقعہ کی تفصیلات داخل کریں۔



4 وقوعہ محفوظ کرنے کے لیے **محفوظ** تھپتھپائیں۔

اپنے اکاؤنٹ کے ساتھ وقوعات ہم زمان کرنا

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر تھپتھپائیں **S پلانر**۔

اپنے اکاونٹ کے ساتھ وقوعات ہم زمان کرنے کے لیے، تھپتھپائیں ⋮ ← **سنک**۔

